علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: منتخب مصادر فقہ واصول فقہ کا تعارف (2971) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ الجامع الصغیر، الجامع الکبیر، السیر الصغیر اور السیر الکبیر پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ فقہ حنفی کی کتاب ہدایہ کا تعارف اور منہج تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ فقہ مالکی کی کتب مختصر خلیل، الذخیرہ للقرافی اور القوانین الفقہیہ پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ کتاب الام اور اس کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ امام ابن قدامہؒ کی کتب (مختصر خرقی اور المغنی) پر نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ احناف کی کتب اصول فقہ (اصول الکرخی، تاسیس النظر) پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ الفصول فی الاصول اور اصول بزدوی کا تعارف اور منہج تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ مالکیہ کی کتب اصول فقہ (المقدمہ فی الاصول، التقریب والارشاد اور احکام الفصول) کا تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شوافع کی کتب اصول فقہ المنخول، المستصفیٰ اور المحصول پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حنابلہ کی کتب اصول فقہ (التمہید فی اصول الفقہ، الواضح فی اصول الفقہ اور روضہ الناظر وجنۃ المناظر) کا تعارف قلمبند کریں۔ (20)